# چشمہ بُکس سے
# کس طرح فائدہ اُٹھائیں

*https://chashmamedia.org/*

ہم چشمہ بُکس سے کس طرح سب سے زیادہ فائدہ اُٹھا سکتے ہیں؟ چشمہ میڈیا قارئیں کو کئی ایک ٹولز پیش کرتا ہے۔

## تبلیغ

یہ کتابچے سادہ اُردو میں عیسائی سچائیاں پیش کرتے ہیں۔ ایک مثال:

### میری کرسمس

بڑے دن کا مطلب کیا ہے۔

# کتابِ مقدّس کی صحت

بہت سے مسلمانوں پر یہ غلط فہمی سوار ہے کہ کتابِ مقدّس کے متن میں ہیرا پھیری ہوئی ہے، لہٰذا وہ قابلِ اعتبار نہیں ہے۔ دو کتابیں اِس قسم کے اعتراضوں کا جواب دیتی ہیں:

## توریت اور انجیل کی صحت

## غلط فہمیاں

# تورات اور انجیل کو سمجھنا

جو پہلی بار تورات و انجیل کا مطالعہ کرے وہ بہت ساری باتیں نہیں سمجھتا۔ خطرہ یہ ہے کہ وہ کچھ صفحے پڑھنے کے بعد تنگ آ جائے۔ کیوں؟ اِس سے پہلے کہ وہ موٹی باتیں سمجھ پائے وہ باریک باتوں میں اُلجھ جاتا ہے۔

## آؤ، ہم تورات و انجیل کو سمجھیں

توریت و انجیل کے 25 مرکزی حوالے جو نجات کا راستہ سمجھنے میں قاری کی مدد کرتے ہیں۔ صرف کتابِ مقدّس کا متن شامل ہے۔

# کلیدِ ایمان: توارت اور انجیلِ شریف کو سمجھنے کی کنجی

توارت اور انجیلِ شریف کا بنیادی پیغام کیا ہے؟ اِسے سمجھنے کی کنجی چار مرکزی اصولوں میں پائی جاتی ہے۔

# کتابِ مقدّس کی سچّی کہانیاں

تخلیق سے لے کر مسیح کی ابتدائی جماعتوں تک کی دل چسپ کہانیاں آسان اُردو میں سنائی گئی ہیں۔ یہ کتابِ مقدّس کا متن نہیں ہے۔ (اِس کی ہارڈ کاپی GWCS کے دہلی آفس سے منگوائی جا سکتی ہے۔ کاپی رائٹ کی وجہ سے اِس کی ڈِجِٹل کاپی اَپ لوڈ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔)

## زندہ کلام سیریز

توریت اور انجیل کے مرکزی حوالے تصویروں اور سوال و جواب کے ساتھ۔ (اب تک نامکمل۔) ایک مثال:

## زندہ کلام 1: تخلیق

# کہانیاں سنا کر سچائیاں بیان کرنا

گہری سچائیاں سکھانے کا ایک بڑھیا طریقہ یہ ہے کہ اُنہیں کہانیوں کی صورت میں سنایا جائے۔

ہر کہانی کے آخر میں کتابِ مقدّس کا حوالہ پیش کیا گیا ہے۔ سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کہانی سنائی جائے پھر اُس کی کاپی سننے والے کو دی جائے تاکہ وہ اِسے خود پڑھ لے۔ ایک مثال:

## اچھا چرواہا

یہ کتابچے خاص کر اُن سچائیوں پر زور دیتے ہیں جن سے قاری ناواقف ہے۔ یہاں اِس پر زور دیا جاتا ہے کہ خدا ایک اچھا چرواہا ہے جو ہماری بڑی فکر کرتا ہے۔

# آؤ، خود دیکھ لو سیریز

یہ کتابچے بھی سنانے کے لئے ہیں۔ یوحنا کی انجیل پر مبنی۔ (اب تک نامکمل۔)

ہر کہانی کے آخر میں کتابِ مقدّس کا حوالہ پیش کیا گیا ہے۔ سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ پہلے کہانی سنائی جائے پھر اُس کی کاپی سننے والے کو دی جائے تاکہ وہ اِسے خود پڑھ لے۔ ایک مثال:

### پکڑا گیا

زناکار عورت (یوحنا 8)۔

## سوانح عمری

توریت و انجیل کے ایسے کرداروں کے بارے میں کتابیں جو اسلام میں بھی مشہور ہیں۔ مثال کے طور پر حضرت موسیٰ، حضرت یوسف اور عیسی المسیح۔ ایک مثال:

### حضرت ابراہیم

## گیت

### یہ کیسا بادشاہ

اکثر لوگ گیت گانا پسند کرتے ہیں، لہٰذا گیت کی یہ کتاب۔ ہر گیت کا یوٹیوب لِنک بھی دیا گیا ہے تاکہ آپ گیت آسانی سے سیکھ سکیں۔

# المسیح کی پیروی مگر کیسے (شاگردیت)

## جہدِ مسلسل: المسیح کی پیروی

آپ نے عیسیٰ مسیح کے پیروکار بننے کے پہلے اقدام اُٹھائے ہیں، اور اب آپ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ یہ نئی زندگی کیسے گزاریں۔

## جنت اور نجات کا راستہ

زندگی میں سب سے اہم سوال یہ ہے کہ مرنے کے بعد ہم کہاں جائیں گے؟ اِس کتاب میں نجات کی راہ یوں بیان کی جاتی ہے کہ مسلمان دوستوں کو بھی سمجھ آئے۔ تخلیق سے شروع کرکے المسیح اور اُن کی جماعت تک پہنچ کر مصنف ایمان کی مرکزی باتیں پیش کرتے ہیں۔ کتاب کی ایک خوبی وہ عملی باتیں ہیں جو آخری ابواب میں پیش کی جاتی ہیں۔

## مومن کا سفر

ایمان دار کی زندگی آسمانی یروشلم کی طرف سفر ہے۔ تجدید اور تقدیس کی یہ سوچ اسلام میں پائی نہیں جاتی، اِس لئے یہ کتاب بہت فائدہ مند ہو سکتی ہے۔

## مومن کا سفر (مختصر بیان)

یہ کتاب 'مومن کا سفر' کا مختصر اور آسان بیان ہے۔ جو اصل کو مشکل سے سمجھ سکے اُس کے لئے یہ کتاب بہتر رہے گی۔ بچّے بھی اِسے مزے سے پڑھیں گے۔

# المسیح کی پیروی کیوں کریں (گواہی)

دوسروں کی گواہی سننے سے ہم سمجھ سکتے ہیں کہ مسیح کی پیروی کرنے کا کیا مطلب ہے۔ ایک مثال:

## کربلا سے مسیح تک

# جماعت کی خدمت

## جماعت کی راہنمائی

جماعت کی ترقی کے لئے صحیح راہنمائی کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ توریت اور انجیل کے نمونوں کی روشنی میں صحت مند راہنمائی کے اصول نظر آتے ہیں۔